QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

PRESS RELEASE پریس ریلیز

Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt

Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 18

کوئٹہ: 20 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔صوبہ کے مختلف علاقوں میں ایک منظّم گروہ کی جانب سے بجلی لائنوں اور کھمبوں سے برقی سامان اور کنڈکٹرز چوری کر رہے ہیں جس کی وجہ سے متعلقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں تعطل پیدا ہونے کے علاوہ کیسکو کو مالی طور پر بھی نقصان کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔اسی طرح 18 جولائی اور 19 جولائی کی درمیانی شب کو ڈیرہ مراد جمالی کے علاقے میں نامعلوم چوروں نے کیسکو ڈیرہ مراد جمالی سب ڈویژن کے 11kv ربیع کینال فیڈر سے تقریباً 1250 میٹر کنڈکٹر، 2 عدد کراس، 7 عدد انسولیٹرز Insulators اور دیگر برقی آلات چوری کر لئے جس کے نتیجے میں 11kv ربیع کینال فیڈر سے بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے۔تاہم کیسکو کی جانب سے مذکورہ واقعہ میں ملوث ملزمان کیخلاف قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ پولیس اسٹیشن میں تحریری درخواست بھی جمع کرادی گئی۔

نمبر: کیسکو پی آر 19 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 20 جولائی 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کیلئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں 21 جولائی (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے جناح ٹاون، بروری روڈ، جی او آر، ملک پلانٹ فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، خروٹ آباد، تکاتو، ویسٹرن بائی پاس، داریم، ادیان، دوستین فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 22 جولائی (بروز بدھ) زرغون گرڈ اسٹیشن کے 1kv نواں کلی بائی پاس، صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں 21 جولائی کو دالبندین گرڈ اسٹیشن سے صبح 8 بجے سے دن 12 بجے تک جبکہ حرمزئی گرڈ اسٹیشن سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی گئی ہے۔

###